## اسلام کے نام پر اپنے ہی کلمہ گو ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں کو خون میں نہلانے والے دہشت گرد انسان نہیں بلکہ درندے اور کھلے ملک دشمن ہیں۔الطاف حسین

### جولوگ بھی ملک دشمن دہشت گردوں کی بلواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ بھی پاکستان، اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

### یہ ملک وقوم کیلئے ایک نازک وقت ہے، صرف مسلح افواج، پولیس اور سیکوریٹی فورسز کا ہی فرض نہیں ہے

### بلکہ قوم کے ایک ایک فرد کو ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے فوج کے شانہ بشانہ اپنا قومی فرض ادا کرنا ہوگا

### عوام اپنے اپنے شہر کی حفاظت کیلئے میدان عمل میں آجائیں، اپنے علاقوں میں ویجیلنس کمیٹیاں تشکیل دیں،

### چوکیداری سسٹم قائم کریں اور مشکوک افراد کے بارے میں پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں۔پشاور میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لندن۔۔۔28 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے پشاورمیں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ میں درجنوں معصوم وبے گناہ عورتوں، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کے جاں بحق اور ڈیڑھ سو سے زائدافراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج کے اس سانحہ پر ہم شہداء کے لواحقین اوراہلیان پشاور کے غم میں برابر کے شریک ہیں، شہیدوں کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہیں اورزخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ درندہ صفت دہشت گردوں نے ایک مرتبہ پھرصوبہ سرحد کے دل پشاورکوخون میں نہلایا ہے اور ایک بار پھر پشاور کے سینکڑوں معصوم وبے گناعورتوں، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کے خون سے ہولی کھیلی ہے۔انہوں نے کہا کہ درندہ صفت دہشت گرد پاکستان کوتباہ وبرباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں اوراس مقصد کیلئے ایک طرف تو مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز، پولیس اورمعصوم شہریوں پرخودکش حملے کررہے ہیں تو دوسری طرف اہم سرکاری مراکز کونشانہ بنارہے ہیں اورروزانہ آگ اورخون کا کھیل کھیلا جارہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کے نام پر اپنے ہی کلمہ گو ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں کو خون میں نہلانے والے یہ دہشت گرد انسان نہیں بلکہ درندے ہیں اور کھلے ملک دشمن ہیں اور جولوگ بھی ان ملک دشمن دہشت گردوں کی بلواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ بھی پاکستان، اسلام اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے پشاورسمیت ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے شہر، محلوں اورگلیوں کی حفاظت کیلئے میدان عمل میں آجائیں، اپنے اپنے علاقوں میں ویجیلنس کمیٹیاں تشکیل دیں، 24 گھنٹے چوکیداری سسٹم قائم کریں، مشکوک افراد کے بارے میں پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں اوردہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو اپنے اتحاد سے ناکام بنائیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ملک وقوم کیلئے ایک نازک وقت ہے اوراب یہ صرف مسلح افواج، پولیس اورسیکوریٹی فورسز کا ہی فرض نہیں ہے بلکہ اس نازک وقت میں قوم کے ایک ایک فرد کوملک کوان درندہ صفت دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے فوج کے شانہ بشانہ اپنا قومی فرض ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اوروفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملک میں آگ اورخون کا کھیل کھیلنے والے سفاک دہشت گردوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے اورعوام کے جان ومال کے تحفظ اورامن واستحکام کیلئے مزید مؤثر اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے پشاورمیں ایم کیوایم کے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ بم دھماکے کے زخمیوں کیلئے زیادہ سے زیادہ خون کے عطیات دیں۔

## کراچی سے پانچ طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری اوران کے قبضہ سے بھاری مقدار میں گولہ بارود، خودکش جیکٹس اوراسلحہ برآمد کرنے پر کراچی پولیس وانتظامیہ کی کاوش قابل تحسین ہے۔الطاف حسین

### کراچی کے شہری اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک افراد پرنظر رکھیں اوراپنے شہر کودہشت گردوں سے محفوظ رکھنے کیلئے پولیس وانتظامیہ سے ہرممکن تعاون کریں، طلبہ وطالبات بھی اپنے اپنے کالجز اور یونیورسٹیوں کے تحفظ کیلئے ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں

لندن۔۔۔28اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کراچی سے پانچ طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری اوران کے قبضہ سے بھاری مقدار میں گولہ بارود، خودکش جیکٹس اوراسلحہ برآمد کرنے پر کراچی پولیس وانتظامیہ کی کاوش کوقابل تحسین قراردیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کی پولیس نے بروقت کارروائی کرکے کراچی کوایک

بڑی تباہی سے بچالیا ہے جس پر وہ خراج تحسین کی مستحق ہے۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور اپنے شہر کو دہشت گردوں سے محفوظ رکھنے اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے پولیس وانتظامیہ سے ہرممکن تعاون کریں۔ جناب الطاف حسین نے عوام کے ساتھ ساتھ کراچی کے تمام طلبہ وطالبات سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے کالجز اور یونیورسٹیوں کے تحفظ کیلئے ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں اور چوکس وہوشیار رہیں، اپنے تعلیمی اداروں میں مشکوک افراد کی آمد ورفت کی فوری اطلاع اپنے اساتذہ کرام، مقامی پولیس اور انتظامیہ کودیں۔

**کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی مرکزی قیادت کونشانہ بنانے کا منصوبہ تیارکیا تھا**

**منصوبہ کے مطابق پہلے لیاقت آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری کوخدانخواستہ شہید کیا جاتا اور جب ایم کیوایم کے مرکزی رہنماء،**

**ایم کیوایم کے وزراء، ارکان اسمبلی اور پارٹی کے سینئر ذمہ داران تدفین میں شرکت کیلئے آتے تو خودکش حملے کے ذریعے انہیں نشانہ بنایا جاتا**

**طالبان کی حامی کالعدم تنظیموں کے دہشت گرد کراچی کے مختلف علاقوں میں پناہ لئے ہوئے ہیں**

**اور مذہبی اور فرقہ پرست جماعتوں اور تنظیموں کی مدد سے شہر میں دہشت گردی کے مختلف منصوبے بنارہے ہیں۔**

**متحدہ قومی موومنٹ کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ**

**ایم کیوایم کے مرکزی رہنماؤں اور منتخب نمائندوں کونشانہ بنانے کے بھیانک منصوبے کا فوری نوٹس لیا جائے۔ رابطہ کمیٹی**

لندن۔۔۔28 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی تحقیقاتی کمیٹی کی ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز کراچی سے گرفتار کئے جانے والے کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی مرکزی قیادت کونشانہ بنانے کا منصوبہ تیارکیا تھا جوان دہشت گردوں کی بروقت گرفتاری سے ناکام ہوگیا۔ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق دہشت گردوں عاطف، افضل، وسیم بارودی، ناصرعرف سیف اللہ اور شکیل برمی کواورنگی ٹاؤن اور ناظم آباد سے گرفتار کیا گیا تھا۔ ان دہشت گردوں میں سے ایک دہشت گرد ناصرعرف سیف اللہ، جماعت اسلامی کے رہنما اور سابق ٹاؤن ناظم لیاقت آباد پرویز محمود کا قریبی ساتھی اور اس کا گارڈ ہے۔ ان دہشت گردوں نے جنوبی وزیرستان سے دہشت گردی اور تخریبکاری کی تربیت حاصل کی تھی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق ان دہشت گردوں نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی ایماء پر کراچی میں ایم کیوایم کے رہنماؤں کونشانہ بنانے کا انتہائی بھیانک منصوبہ تیارکیا تھا جسکے مطابق پہلے لیاقت آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری کوخدانخواستہ شہید کیا جاتا اور جب ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے وزراء، ارکان اسمبلی اور پارٹی کے سینئر ذمہ داران اسامہ قادری کی تدفین میں شرکت کیلئے آتے تو خودکش حملے کے ذریعے ایم کیوایم کے مرکزی رہنماؤں کونشانہ بنایا جاتا مگران دہشت گردوں کی گرفتاری کے باعث ان کا یہ ناپاک منصوبہ بروقت ناکام ہوگیا۔ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق طالبان کی حامی کالعدم تنظیموں کے دہشت گرد کراچی کے مختلف علاقوں میں پناہ لئے ہوئے ہیں اور مذہبی اور فرقہ پرست جماعتوں اور تنظیموں کی مدد سے شہر میں دہشت گردی کے مختلف منصوبے بنارہے ہیں۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں جماعت اسلامی کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے مرکزی رہنماؤں اور منتخب نمائندوں کونشانہ بنانے کے بھیانک منصوبے کا فوری نوٹس لیا جائے، گرفتار ہونے والے جماعت اسلامی کے دہشت گردوں کے سرپرستوں کوبھی فی الفور گرفتار کیا جائے، جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی دہشت گردی کی تشکیل کردہ کارروائیوں پر انکے خلاف بھی فی الفور کارروائی کی جائے اور ملک میں جاری دہشت گردی کی اس لہر کو روکنے کیلئے پولیس اور سیکوریٹی فورسز کوجدید وسائل سے لیس کیا جائے۔

## طالبان کی مشکوک سرگرمیوں سے متعلق جناب الطاف حسین کے بیانات کومفروضے سے تعبیر کرنے والے خدا کے حضور معافی مانگیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔28اکتوبر2009ء

ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اپنے ایک بیان میں پشاور کے مینا بازار میں ہونے والے بم دھماکے کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے عوام کی توجہ اس امر پر مبذول کرواتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کافی عرصہ سے طالبان کی مشکوک سرگرمیوں اوران کی موجودگی کے بارے میں آگاہ کرتے رہے ہیں لیکن افسوس عاقبت نااندیشوں نے جناب الطاف حسین کے بیانات کومحض ایک مفروضے سے زیادہ اہمیت نہ دی بلکہ الٹا جناب الطاف حسین کے خلاف غلط پروپیگنڈہ کرکے ملک کے سادہ لوح عوام کو جان بوجھ کرگمراہ کرنے کی کوشش کی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جولوگ جناب الطاف حسین کے ان بیانات کو کہ طالبان کراچی سمیت پورے ملک میں موجود ہیں اوران کی مشکوک سرگرمیاں کسی بڑے خطرے کا پتہ دے رہی ہیں کومن گھڑت قرار دیا انہیں اللہ تعالیٰ کے حضور معافی مانگنی چاہیئے کیونکہ انہوں نے ایسافعل کرکے سادہ لوح عوام کو بے وقوف بنانے اورانہیں گمراہ کرنے کی مذموم کوششیں کیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایسے تمام افراد جوکہ کل تک طالبان کے گھناؤنے وجوداوران کی جانب سے کی جانے والی ملک دشمن اوراسلام دشمن سرگرمیوں کوسرے سے ماننے کیلئے تیارنہیں تھے وہ آج اپنے گناہوں کے کفارے کیلئے میدان عمل میں آکرطالبان نامی شرانگیز فتنے سے نمٹنے کیلئے پاک فوج کا ساتھ دیں جوداو پرلگی مادروطن کی سالمیت کو بچانے کیلئے رات دن اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم پاکستان،صدرمملکت اوروزیرداخلہ سمیت ملک کی تمام مقتدرقوتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بم دھماکوں میں ملوث افرادکوجلدگرفتارکرکے انہیں قانون کے مطابق قرارواقعی سزادیں۔انہوں نے پشاور کے مینا بازار میں بم دھماکے میں ہلاک ہونے والوں کے لئے دعا مغفرت کی اورزخمیوں کیلئے جلدصحت یابی کی دعا بھی کی۔

## ترکی کے قونصل جنرل FETHI ETEM کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2009ء

کراچی میں متعین ترکی کے قونصل جنرل فتاہی ایتم(FETHI ETEM)نے بدھ کوایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیروکا دورہ کیااورمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں پاکستان میں جاری دہشت گردی کی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگرامور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس سے قبل ترکی کے قونصل جنرل جیسے ہی نائن زیرو پہنچے رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری،کنورخالد یونس اورسندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرحق پرست صوبائی وزیرسیدسرداراحمد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اورانہیں ایم کیوایم کی قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے نائن زیروآمد پرخوش آمدید کہا۔گفتگو کے دوران قونصل جنرل نے کہا کہ ترکی میں تمام مذہبی اقلیتوں کوملک کے دیگرشہریوں کے برابر کے حقوق حاصل ہیں اورصوبوں میں بھی مکمل ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ترکی میں تمام افرادکوبلاتفریق یکساں حقوق حاصل ہیں۔انہوں نے پاکستان میں ترکی کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیل بھی بتائی۔اس دوران رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے ترکی کے قونصل جنرل کوقائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے اورایم کیوایم کی پالیسیوں سے آگاہ کیااورکہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد پاکستان میں بسنے والی تمام اکائیوں کوبرابری کے حقوق دلانا ہے۔انہوں نے مہمان قونصل کوقائدتحریک الطاف حسین کی تصویری سوانح حیات(پکٹوریل بائیوگرافی)بھی پیش کی۔ترک قونصل نے بھی دوکروڑنفوس پرمشتمل استنبول کاایک تصویری کتابچہ بھی پیش کیا۔

## حق پرست امیدواروں کی گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی ثابت کردیگی الطاف حسین کانظریہ سچا ہے،حق پرست امیدوارالطاف حسین میر حلقہ انتخاب کے مرکزی الیکشن آفس میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

گلگت۔۔۔28،اکتوبر2009ء

حلقہ GBLA-1 کی نشست پرنامزدحق پرست امیدوارالطاف حسین میر نے کہا ہے کہ انتخابات میں حق پرست امیدواران کی بھرپورا کثریت سے کامیابی ثابت کردیگی کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ اورنظریہ سچا ہے اور وہ گلگت بلتستان کے پہاڑوں اور وادیوں میں اترکرلوگوں کے دلوں میں بس چکا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں اپنے حلقہ انتخاب کے مرکزی الیکشن آفس میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن

عابد زیدی اور محمد علی نے بھی خطاب کیا۔حق پرست امیدوار الطاف حسین میر نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے مظلوم عوام کوحقوق کے حصول کی راہ دکھائی ہے اور گلگت بلتستان میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے نے مظلوم عوام میں جینے کی امنگ پیدا کردی ہے اور انہیں اپنے مسائل کا حل اور غصب شدہ حقوق کا حصول عملی طور پر ممکن دکھائی دے رہا ہے۔الطاف حسین میر نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ گھر گھر جا کر لوگوں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے آگاہ کریں اور ان سے اپیل کریں کہ وہ 12 نومبر کے دن بیلٹ پیپر پر صرف پتنگ کے نشان پر ہی مہر لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## سندھ میں فرقہ واریت سے پاک کرنے کیلئے الطاف حسین قابل قدر ہیں،سید اکبر حسین موسوی

## ایم کیوایم کے وفد کی جلال آباد میں کاظمی ویلفیئر ٹرسٹ کے صدر اور عہدیداران سے ملاقات

جلال آباد۔۔۔28،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے علامہ اظہر حسین نقوی اور ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے ہمراہ جلال آباد میں کاظمی ویلفیئر ٹرسٹ کے صدر سید اکبر حسین موسوی اور دیگر ٹرسٹیز سے ملاقات کی اور انہیں تمام مسالک اور عقائد کے ماننے والے عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کو برقرار رکھنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ملاقات میں سید اکبر حسین موسوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ کو فرقہ واریت سے پاک کردیا ہے اور ان کے اس عملی کام کو عالم اسلام میں جس قدر سراہا جائے وہ کم ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ گلگت بلتستان کو امن کو گہوارہ بنانے کیلئے ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔

## ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کا وفد گلگت پہنچ گیا

## جلال آباد کی مذہبی شخصیت حامد زاہری سے ملاقات،شنگس روندو قبیلے کا دورہ

گلگت۔۔۔28،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے گلگت بلتستان میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری برقرار رکھنے کے سلسلے میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کا وفد گلگت پہنچ گیا۔وفد میں علامہ اظہر حسین نقوی،علامہ علی کرار نقوی،علامہ اظہر حسین مشہدی،مولانا غلام مہدی،علامہ مولانا اکبر ناصری،مولانا شمس،صفدر رضوی اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے رکن محمد ناصر یامین شامل ہیں۔ایم کیوایم علماء کمیٹی کے وفد میں شامل علامہ اظہر حسین نقوی اور صفدر رضوی نے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم کے ہمراہ جلال آباد کی مذہبی شخصیت حامد زاہری سے ملاقات کی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام کیلئے تعاون کی اپیل کی۔ملاقات میں حامد زاہری نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے وفد کو جمعتہ المبارک کی نماز کے مرکزی اجتماع سے خطاب کی دعوت بھی دی۔بعدازاں ایم کیوایم علماء کمیٹی کے وفد کے ارکان نے شنگس روندو کا دورہ کیا اور عمائدین سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر شنگس روندو کے عمائدین نے بتایا کہ شنگس کے مقام پر بونجی ڈیم بنایا جارہا ہے جس پر شنگس روندو کے عوام کو شدید اعتراض ہے اور وہ چاہتے کہ ڈیم کا نام روندو بونجی ڈیم رکھا جائے اور ڈیم پر روندو قبیلے کے لوگوں کو مزدوری دی جائے۔ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے وفد نے شنگس روندو قبیلے کے عوام کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## 98ء فیصد متوسط طبقے کے غریب ومظلوم طلبہ کو حقوق دلانے کیلئے ملک سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ ضروری ہے،عمران معین

## اے پی ایم ایس او اسکردو کے طلبہ کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی،اسکردو ایف بی کالج کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔28اکتوبر،2009

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری عمران معین نے کہا ہے کہ 98ء فیصد غریب ومظلوم طلبہ کو حقوق دلانے کیلئے ملک سے دہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ کرنا ہوگا۔یہ بات انہوں نے اسکردو میں ایم کیوایم کے مرکزی الیکشن آفس میں اسکردو ایف بی کالج کے طلبہ کے جنرل ورکرا جلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی بنیاد 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں قائدتحریک جناب الطاف حسین نے رکھی اور جب اس تحریک کا قیام عمل میں آیا تو اس وقت کراچی کے غریب ومظلوم طلبہ کو نہ صرف اپنے ساتھ جاری زیادتیوں اور نامحرومیوں کو کا سامنا تھا بلکہ یونیورسٹی اور دیگر تعلیمی اداروں میں جاگیردارانہ سوچ رکھنے والی اور اس نظام کی محافظ طلبہ

تنظیموں کا بھی سامنا تھا جنھوں نے تعلیمی اداروں میں کوٹہ سسٹم اور دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو جنم دیا اور میرٹ کا قتل عام کرنے میں اہم ترین کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ہے کہ ملک کے تعلیمی اداروں میں میرٹ کو بنیاد بنایا جائے اور غریب طلبہ وطالبات کو تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کئے جائیں تاکہ اس ملک سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہے اور چاہتی ہے کہ اسکردو کے طلبہ کیساتھ جاری زیادتیوں کا سدباب کیا جائے اور نامحرومیوں کو ختم کیا جائے تاکہ یہاں بھی آنیوالی نسلوں کی بقاء وسلامتی کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے تمام طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ تعلیم کے حصول پر بھرپور توجہ دیں اور ملک کی ترقی میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو پھیلانے کیلئے انتھک محنت ولگن سے کام کریں اور اپنی درمیان پیار محبت اور ہم آہنگی پیدا کریں تاکہ دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کی حکمرانی کا خاتمہ ممکن ہو اور ملک میں تعلیم یافتہ غریبوں کی حکمرانی قائم ہو۔انہوں نے کہا کہ 12 نومبر کو گلگت بلتستان میں ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے الیکشن میں آپ طلبہ حق پرست اُمیدوار کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور اپنے گھر والوں عزیز وا قارب کو بھی بتائیں کہ وہ بھی 12 نومبر کو حق پرست اُمیدوار کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ ڈسٹرکٹ سینٹرل کے انچارج صلاح الدین کی ہمشیرہ محترمہ نسرین ظہیر اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 8 کے کارکن علی رضا کے والد محمد حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## مقامی صحافی ریاض عاجز سے رابطہ کمیٹی اور مرکزی شعبہ اطلاعات کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی صحافی ریاض عاجز کے والد ثناء الحسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ریاض عاجز سمیت مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم مرکزی شعبہ اطلاعات نے بھی صحافی ریاض عاجز سے ان کے والد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل دعا کی ہے۔(آمین)

☆☆☆☆☆